# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 16 JANUARY-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیے آج ووٹوں کی گنتی۔انتخابی کمیشن کے مطابق ریاست میں اوسطاً 50 فیصد سے زائد رائے دہی۔

☆ مراٹھواڑہ کے جالنہ میں سب سے زیادہ 61.16 فیصد اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں رائے دہی کا تناسب 59.82 فی صد۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں بوگس ووٹنگ کے الزام میں آٹھ خواتین حراست میں۔

☆ رائے دہندگان کی انگلی پر لگائی گئی روشنائی صاف کرنا ناممکن۔انتخابی کمیشن کی وضاحت۔

اور۔۔۔☆ 12 ضلع پریشدوں اور سوّا سو پنچایت سمیتیوں کے انتخابات کے لیے ادخال نامزدگی کے عمل کا آج سے آغاز۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاست کی 29 میونسپل کارپوریشن کے لیے کل ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی آج کی جائے گی۔ووٹ شماری کے اس عمل کا آغاز صبح ساڑھے دس بجے ہوگا۔ریاست کے تمام ڈاک ووٹوں کے باکس آج صبح ووٹوں کی گنتی سے قبل حفاظتی کمروں سے باہر نکالنے کے احکامات انتخابی ریٹرننگ آفیسر نے دیئے ہیں۔انہوں نے وضاحت کی کہ اس کے ساتھ ہی ڈاک ووٹوں کو وارڈز کی بنیاد پر اسی وقت علٰحدہ کیا جائے گا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں چِکل تھانہ صنعتی علاقہ۔گورنمنٹ انجینئرنگ کالج۔سرکاری آئی ٹی آئی کالج۔اور جالنہ روڈ پر سینٹ فرانسس اسکول ان چار مقامات پر ووٹوں کی گنتی کی جائے گی۔ان علاقوں میں ووٹ شماری کے دوران ٹریفک نظام میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔انتظامیہ نے شہریوں کو اس بات کو نوٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔

جالنہ میں صنعتی علاقے میں واقع صدیقی انجینئرنگ کے احاطے میں، لاتور میں طالبات کے آئی ٹی آئی کالج میں، اور ناندیڑ میں سرکاری آئی ٹی آئی کالج میں ووٹوں کی گنتی عمل میں آئیگی۔ریاستی انتخابی کمیشن کی ہدایت کے مطابق ضلع انتظامیہ نے ان مرکز پر موثر منصوبہ بندی کی ہے اور سخت حفاظتی انتظامات کئے ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی انتخابی کمیشن دنیش واگھمارے نے اندازہ ظاہر کیا ہے کہ کل تمام میونسپل کارپوریشن میں مجموعی طور پر 50 فیصد سے زائد رائے دہی عمل میں آئی۔انہوں نے بتایا کہ گذشتہ انتخابات کی بہ نسبت اس بار پولنگ کا تناسب زیادہ رہا۔اور رائے دہندگان نے تمام میونسپل کارپوریشنوں کے 893/وارڈز کے دو ہزار 869/کارپوریٹرز کی نشستوں کے لیے 15/ہزار 931/امیدواروں کا سیاسی مستقبل ووٹنگ مشینوں میں محفوظ کر دیا ہے۔ان انتخابات میں عوام نے کس کی حمایت کی ہے یہ تصویر آج دوپہر تک واضح ہوجانے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کی پانچ میونسپل کارپوریشنوں میں سے چھترپتی سمبھاجی نگر میں 59.82 فی صد رائے دہی ہوئی۔ جالنہ میونسپل کارپوریشن کے لیے پولنگ کا تناسب 61.16 فیصد رہا۔ تمام 291 ؍مراکز پر رائے دہی کا عمل پر امن رہا۔ ضلع کلکٹر اور میونسپل کمشنر آشیما متل نے بتایا کہ چند رائے دہی مراکز پر شام دیر گئے تک رائے دہی جاری تھی۔

لاتور میں ووٹنگ کا تناسب ساٹھ اعشاریہ صفر آٹھ فی صد۔ پربھنی میں 55.59 فیصد اور ناندیڑ میں یہ تناسب 61.37 فی صد رہا۔

***** ***** *****

رائے دہی کے تناسب میں اضافے کے لیے مختلف اکائیوں کی جانب سے کل متعدد دلچسپ آفرز رکھے گئے تھے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں سماجی کارکن سومیت پنڈت نے اپنی حجامت کی دوکان میں ووٹ ڈالنے والے افراد کی مفت حجامت کا اعلان کیا تھا۔ کل دن بھر میں 33 ؍ووٹروں نے اس اسکیم سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے بال اور داڑھیاں ترشوائی۔ ووٹ ڈالنے والی خواتین کا پنڈت کے ادارے کی جانب سے ناریل اور شال دیکر استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

لاتور میں ایک کپڑے کی دوکان میں ووٹ ڈال کر آنے والے شہریوں کو نہایت ہی کم قیمت پر کپڑے فروخت کیے گئے۔ اپنا حق رائے دہی استعمال کر کے آنے والے پہلے 151 خواتین ووٹروں کو ڈیڑھ ہزار روپیئے قیمت کی ساڑھی صرف 100 ؍روپیئے میں اور پہلے 151 مرد رائے دہندگان کو ایک ہزار روپئے مالیت کا سفاری سوٹ کا کپڑا صرف 100 ؍روپئے میں دیا گیا۔

***** ***** *****

پربھنی میں 102 سالہ بزرگ دادا راؤ دیشمکھ نے رائے دہی مرکز پر پہنچ کر اپنا ووٹ ڈالا۔ اور جمہوریت کو مضبوط بنانے کے لیے عوام سے ووٹ ڈالنے کی اپیل کی۔ اسی دوران پربھنی کے وارڈ نمبر چار کے ایک رائے دہی مرکز پر ووٹنگ مشین میں نقص پیدا ہو گیا تھا۔ تاہم فوری طور پر اس کی مرمت کی گئی اور رائے دہی کا عمل دوبارہ شروع ہو گیا۔ ناندیڑ میں رٹرننگ افسر اور میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے نے بتایا کہ وہاں 20 پربھاگ کی 81 نشستوں کے لیے رائے دہی پر امن رہی۔ شام پانچ بجے کے بعد پولنگ مراکز پر رائے دہندگان کی طویل قطاریں دیکھی گئیں۔

***** ***** *****

تمام میونسپل کارپوریشن میں پربھاگ نظام کے تحت تین۔ چار یا پانچ ووٹ ڈالنے کا یہ پہلا موقع تھا۔ اس نئے طرز رائے دہی سے متعلق رائے دہندگان میں تجسس اور جوش و خروش دیکھنے میں آیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں آٹھ جعلی خواتین ووٹروں کو پولس نے حراست میں لے لیا ہے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب وہ بوگس ووٹنگ کرنے کی کوشش کر رہی تھیں۔ دریں اثناء ووٹنگ پر تعینات کیے جانے والے 155 ؍ملازمین کل فرائض کی ادائیگی کے لیے حاضر نہیں ہوئے ان تمام کے خلاف چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن نے مقدمہ درج کیا ہے۔

***** ***** *****

دھولیہ شہر کے ایک رائے دہی مرکز پر ووٹنگ مشین کو نقصان پہچانے کا واقعہ پیش آیا۔ پولس اور انتظامیہ کے افسران نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر صورت حال کو قابو میں کیا۔ ناسک میں چند مقامات پر پیسوں کی تقسیم کی شکایات کے بعد شہریوں کا ہجوم جمع ہو گیا تھا جسے قابو میں کرنے کے لیے پولس کو طاقت کا استعمال کرنا پڑا۔ ایک امیدوار کی دو پہیہ گاڑی بھی پولس نے ضبط کر لی۔

اہلیہ نگر میں جعلی شناختی کارڈ دکھا کر ووٹ ڈالنے کی کوشش کرنے والے افراد کو پولس کے حوالے کئے جانے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

**** **** *****

ریاست میں کل رائے دہی کے آغاز کے بعد ذرائع ابلاغ میں یہ خبریں چلیں کہ انگلی پر لگی روشنائی مٹانے کے بعد دوبارہ ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔لیکن ریاستی کمشنر دنیش واگھمارے نے ان خبروں کو گمراہ کن قرار دیا۔اور کہا کہ انگلی پر لگی سیاہی مٹانا ممکن نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاہی کے علاوہ دیگر شواہد بھی جانچے جاتے ہیں۔اس لیے اس سلسلے میں کئے جانے والے دعوے بے بنیاد ہیں۔انہوں نے کہا کہ انگلی پر جو سیاہی پہلے لگائی جاتی تھی وہ اب قلم کی شکل میں استعمال کر کے لگائی جا رہی ہے۔اور یہ دس تا بارہ سیکنڈ میں خشک ہو جاتی ہے۔اس اثناء میں ووٹر پولنگ اسٹیشن کے اندر ہی ہوتا ہے۔اس لیے یہ کہنا غلط ہے کہ سیاہی مٹائی جاسکتی ہے۔

**** **** *****

ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور سو اسو پنچایت سمیتیوں کے انتخابات کے لیے کاغذات نامزدگی کے ادخال کا عمل آج سے شروع ہو رہا ہے۔ اس میں مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر۔ پربھنی۔ دھاراشیو اور لاتور کے ضلع پریشد اور پنچایت سمیتیاں شامل ہیں۔ 21 جنوری تک آف لائن طریقے سے درخواستیں جمع کی جاسکتی ہیں جبکہ 5 فروری کو ووٹنگ اور سات فروری کو ووٹوں کی گنتی عمل میں آئے گی۔

**** **** *****

بیڑ ضلع میں مختلف میونسپل کونسلوں کے نائب صدور کے انتخابات کل بلا مقابلہ مکمل ہوئے۔ بیڑ میں این سی پی کے ونود موڑک، پرلی میں راشٹروادی کے ہی قیصر راجہ خان، امبا جوگائی میں راج کشور مودی گروپ کے دنیش بھراڑیا اور ماجل گاؤں میں راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ کے ساحل چاؤس بلا مقابلہ منتخب ہوئے

**** **** *****

ریاست میں سکل سیل سے زیادہ متاثر 21 اضلاع میں کل سے خصوصی جانچ مہم 'ارونودیئے' کے نام سے شروع کی جا رہی ہے۔ 27 فروری تک چلنے والی اس مہم میں سکل سیل کے فوری علاج کی اہمیت سے متعلق بیداری پید کی جائے گی۔

**** **** *****

انڈین اوپن بیڈمینٹن میں کل لکشیہ سین نے جاپان کے کھلاڑی کو شکست دے کر اگلے راونڈ میں داخلہ حاصل کر لیا ہے۔ تاہم کدامبی شریکانت، ایچ۔ ایس۔ پرنائے، اور ملویکا بنسوڑ کو اپنے اپنے میچوں میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

**** **** *****

19 برس کے کم عمر کھلاڑیوں کے عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں بھارت نے امریکہ کو چھ وکٹ سے شکست دے دی۔ زمباوے میں کھیلے گئے اس میچ میں امریکہ نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 35 اوورز میں 107 رنز بنائے۔ جس کے بعد بارش کے باعث یہ میچ 37 اوورز کا کر دیا گیا۔ اور ڈک ورتھ لوئس میتھڈ کی بنیاد پر بھارت کو 96 رنوں کا ہدف دیا گیا۔ گروپ اے میں بھارت کا دوسرا میچ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

**** **** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیے آج ووٹوں کی گنتی۔ انتخابی کمیشن کے مطابق ریاست میں اوسطاً 50 فیصد سے زائد رائے دہی۔

☆ مراٹھواڑہ کے جالنہ میں سب سے زیادہ 61.16 فیصد اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں رائے دہی کا تناسب 59.82 فی صد۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں بوگس ووٹنگ کے الزام میں آٹھ خواتین حراست میں۔

☆ رائے دہندگان کی انگلی پر لگائی گئی روشنائی صاف کرنا ناممکن۔ انتخابی کمیشن کی وضاحت۔

اور۔۔۔☆ 12 ضلع پریشدوں اور سوّ اسو پنچایت سمیتیوں کے انتخابات کے لیے ادخال نامزدگی کے عمل کا آج سے آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****